# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں- ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)- مجلس ادارت-

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ایک تحفہ لاہور سے حضرت پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر صاحب نے ارسال فرمایا ہے اور وہ ہے ......داتا پیر کے علمی اور فکری اثرات............ (The Teachings & Thoughts of Data Peer) داتا کی نگری لاہور میں مقیم ڈاکٹر صاحب موصوف جب سے پنجاب یونیورسٹی کی مسند ہجویری پر رونق افروز ہوئے ہیں مسلسل حضرت داتا پیر کے حوالہ سے کتب تصنیف فرما رہے ہیں اور حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت کے وہ گوشے اجاگر فرما رہے ہیں جن پر کم لکھا گیا یا ان کی طرف بالکل ہی توجہ نہیں کی گئی۔ بالفاظِ دگر کہنہ مشق استاذ حضرت ظہور اظہر صاحب نئے انداز میں ہجویریات پڑھا رہے ہیں۔ داتا صاحب کی شخصیت کا جدید انداز سے مطالعہ اور عصر حاضر کے تناظر میں ان کی خدمات کا جائزہ ایک محقق ہی پیش کرسکتا ہے۔ اور تحقیق پر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر صاحب کی جو گرفت ہے وہ اہل علم سے مخفی نہیں ......زیر نظر کتاب صوفی حلقوں میں ضرور جانی چاہئے اور یونیورسٹی کے طلبہ وطالبات کو داتا صاحب کے علمی وفکری اثرات کو سمجھنے کے لئے اس کا مطالعہ لازمی کرنا چاہئے۔ البتہ پھجے کے سری پائے اور لاہوری ککڑ چھولے کھانے والوں کے لئے شاید اس میں دلچسپی کا کوئی سامان نہ ہو...... کہ یہ موٹے دماغوں کے لئے نہیں بلکہ نفیس مزاج سالکینِ راہِ تحقیق کے لئے ایک نفیس تحفہ ہے۔

کتاب مسند ہجویری، پنجاب یونیورسٹی لاہور نے شائع کی ہے اور اس کا سرکاری ہدیہ ۳۰۰ روپے مقرر ہے۔ آفسٹ پیپر نفیس جلد وسرِ ورق، ۱۶۴ صفحات۔ ملنے کا پتہ بہت آسان ہے، ہجویری چیئر پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

☆لا تنتظر شکرا من احد ویکفی ثواب الصمد وما علیك من جحد وحقد وحسد۔☆

مدنی علماء کی جانب سے ایک تحفہ.....شکر کے فضائل.....کا موصول ہوا ہے، یہ امام ابوبکر عبداللہ بن محمد القرشی المعروف بابن ابی الدنیا (م ۲۸۱ھ) کی تالیف (الشکر للہ) کا اردو ترجمہ ہے ۔شعبہ تراجم کتب مکتبۃ المدینہ کراچی نے اس کے ترجمہ اور طباعت کا اہتمام کیا ہے۔۱۲۴ صفحات کی یہ کتاب خوبصورت غلاف میں نہایت ردی (سستے) کاغذ پر شائع ہوئی ہے غالبًا اس لئے کہ سستے داموں یا مفت مہیا کی جاسکے، ہدیہ درج نہیں.....نیت اچھی مگر کتاب اچھی نہیں لگ رہی.....ذرا صاف سے کاغذ پر چھپتی تو کیا ہی اچھا ہوتا.....یہ ایک بہت بڑے عالم کی کتاب ہے اور بڑے علماء کا اکرام اس بات کا متقاضی ہے کہ ان کی محنت کو خوبصورت اور اچھے انداز میں پیش کیا جائے۔کتاب کے مندرجات سے واقفیت حاصل کرنا طلبہ وعام افرادِ معاشرہ کے لئے فائدہ مند ہے .....ضرور خریدیں اور مطالعہ کریں.....صاحبِ حیثیت لوگ خرید کر مفت تقسیم کریں، اتنی خریدیں کہ پرانا ایڈیشن ختم ہوکر نیا خوبصورت ایڈیشن جلد شائع ہوجائے.....

ایک اور تحفہ جناب علامہ مفتی سید احمد علی شاہ صاحب کی کتاب.....القول الثابت فی کراھیۃ صلوۃ الجنائز فی المساجد.....کا ہے.....یعنی مسجد میں نماز جنازہ کی شرعی حیثیت۔شاہ صاحب نے متعدد کتب تصنیف فرمائی ہیں، اور عربی اردو فارسی پشتو، چاروں زبانوں میں لکھا ہے۔زیرنظر کتاب میں مساجد میں نماز جنازہ کی کراہت کو واضح کیا گیا ہے۔شاہ صاحب جب لکھتے ہیں تو ماشاء اللہ دلائل کا انبار لگاتے چلے جاتے ہیں، اس کتاب میں شاہ صاحب نے اردو ترجمہ کا بھی التزام فرمایا ہے تاکہ عام قاری کو مسئلہ سمجھنے میں دشواری نہ ہو۔کتاب ۶۲ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کا ہدیہ صرف ۲۰ روپے درج ہے.....ملنے کا پتہ: جامعہ امام ربانی مجدد الف ثانی، بالمقابل پٹرول پمپ، فقیر کالونی، اورنگی ٹاؤن کراچی۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں کچھ رسائل بھی ہیں جن میں ایک.....سہ ماہی جستجو.....ہے جو شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے طلبہ کا ترجمان ہے۔اس کے اعزازی مدیر اعلی جناب پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس ہیں جبکہ مدیر اعلی حافظ ذوالفقار علی ہیں۔یہ ایک معلم تحقیق طرز کا مجلّہ ہے اس میں نئے اسکالرز، زیر تربیت محققین اور طلبہء تحقیق اپنی کاوشیں پیش کرتے ہیں، زیرنظر شمارہ میں حسب ذیل مضامین ہیں.....قرآن وحدیث کی روشنی میں تحقیق کے رہنما اصول، خصائص نبوی اور ان پر اہم کتب، تشکیل کردار: امام غزالی اور مغربی مفکرین کے

افکار ونظریات ۔ملفوظاتی ادب میں مباحث توحید ،تبلیغی جماعت اور دعوت اسلامی (پس منظر اور اثرات )ایک مضمون عربی اورایک انگریزی میں بھی ہے ۔ہمارے خیال میں یہ مجلّہ بھی جناب دکتور ہمایوں عباس شمس صاحب کی کرامات میں سے ایک ہے ۔اللہ اس سعی کومقبول مشکور فرما کرتوفیقِ مزید مرحمت فرمائے۔

مجلّہ خوبصورت شائع ہوا ہے ۔قیمت درج نہیں ۔ملنے کا پتہ : شعبہ علوم اسلامیہ وعربی، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد۔

ایک اور مجلّہ فیصل آباد سے آیا ہے اور یہ ہے...... ماہنامہ راہنمائے خواتین ......گزشتہ گیارہ برس سے شائع ہونے والا یہ رسالہ مدیرہ محترمہ عائشہ صدیقہ صاحبہ کی ادارت میں اور جناب محمد افضل سعید صاحب کی صدارت میں شائع ہوتا ہے ۔اس میں ہر ماہ مختصر مگر جامع اور اچھے مضامین شائع ہوتے ہیں یہ خواتین کے لئے واقعتاً رہنما کا کام کرتا ہے اگروہ اسے ہماری بچیوں کی طرح مطالعہ میں رکھیں ۔ہمارے گھر میں اس رسالے کا انتظار رہتا ہے ۔سلیس زبان میں مفید معلومات کا حامل یہ پرچہ بچیوں کوضرور پڑھوانا چاہئے ۔قیمت فی شمارہ ۳۵ روپے سالانہ ۳۶۰ روپے ملنے کا پتہ : آفس ماہنامہ رہنمائے خواتین ، 57-C ماڈل ٹاؤن فیصل آباد۔

ایک اور رسالہ جو،گزشتہ بارہ برس سے شائع ہورہا ہے مگر ہم اس کی زیارت سے اس بار مشرف ہورہے ہیں، اس لئے ہمارے لئے نیا ہے، یہ ہادیٔ عالم ٹرسٹ کا ترجمان ہے اس رسالے میں مشکلات اور الجھنوں کا حل تجویز کیا جاتا ہے، مشکل روحانی ہو یا جسمانی اور الجھن ذہنی ہو یا کاروباری، جناب پروفیسر ڈاکٹر آر اے تنیاز صاحب اس رسالہ کے چیف ایڈیٹر ہیں ۔زیرنظر شمارے کے مضامین حسب ذیل ہیں .....تلاوت قرآن پر روسی کمیونسٹوں کی اشک باری، مسلم نوجوانوں کی ذمہ داریاں ، روح حیوانی اور روح انسانی، حفظانِ صحت کے چند اسلامی اصول، صحت مند زندگی گزارنے کے چند طریقے ، دہی کا روزانہ استعمال ،شوگر ہوتی ہے کیونکر؟، وعلی ہذا القیاس قیاس کن ز گلستان من بہارِ مرا............

قیمت فی شمارہ ۵۰ روپے ملنے کا پتہ دفتر ماہنامہ معراج انسانیت ،۷۵ ۔امین پارک اسکیم موڑ ملتان روڈ لاہور......

واہ کینٹ سے جناب افضل شاہد اعوان صاحب نے تحقیقی فکری واصلاحی مجلّہ سہ ماہی

☆اترك المستقبل حتى يأتي ولا تهتم بالغد لأنك اذا اصلحت يومك صلح غدك.☆

البرھان الحق کا شمارہ جنوری تا مارچ ۲۰۱۶ ارسال فرمایا ہے۔ یہ رسالہ التحقیقات الاسلامیہ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام شائع ہوتا ہے۔اس بار اس مجلّہ میں جو تحقیقی مقالات شائع ہوئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں: تیسرا کلمہ تمجید، فضائل و برکات۔خرگوش حلال ہے، کیا میسون اور بنوکلب غیر مسلم تھے؟، اثر ابن عباس اور منکرین ختم نبوت، کیا زبان سے نماز کی نیت بدعت ہے؟ تقلید ائمہ اربعہ اقوال سلف کی روشنی میں، عشق رسول کے نام پر ہاتھ کاٹنا، امام کی مضبوطی وغیر..........

مجلّہ حاصل کرنے کے لئے رابطہ نمبر 0300-8351746 اور پتہ حسب ذیل ہے:

مکتبہ فیضان سنت دکان نمبر 28 میلاد چوک واہ کینٹ ضلع راولپنڈی

قلعہ شریف ضلع شرقپور شریف سے ایک مجلّہ ماہنامہ المرتضی شائع ہوتا ہے۔جو جناب علامہ صاحبزادہ مفتی خلیل احمد مرتضائی صاحب کی کوشش ذوق اور شوق کا نتیجہ ہے۔ہمارے ایک برادرِ گرامی قدر و مہربان علامہ غلام نصیرالدین نصیر صاحب ہیں جنہوں نے جامعہ نظامیہ لاہور میں ایک عرصہ تک تدریس درس نظامی کی ہے اور غالباً گزشتہ بیس تیس سال سے وہ جامعہ نعیمیہ لاہور میں سلکِ تدریس سے منسلک ہیں......حضرت قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایک روز ایک طالب علم (صاحبزادہ صاحب) کے داخلے کی منظوری دیتے ہوئے فرما رہے تھے نصیر صاحب کو صاحبزادوں کو پڑھانے کا بڑا ملکہ ہے اسے ان کی کلاس میں بٹھا دو......وقت نے ثابت کیا کہ یہ بات بہت ہی درست ہے......جن معروف صاحبزادگان کو علامہ نصیر صاحب نے پڑھایا ہے وہ واقعی کوئی شئی بن گئے ہیں......میں ان میں سے چند ایک کو ذاتی طور پر جانتا ہوں......ان میں سے ایک مفتی صاحبزادہ خلیل احمد مرتضائی صاحب ہیں کہ انہوں نے جنگل میں منگل کی طرح ایک شاندار جدید علمی درسگاہ اپنے بزرگوں کی قدیم درسگاہ وخانقاہ کے بیچم بیچ کھڑی کردی ہے......اور مریدین پر مسلسل اصرار ہے......اپنے بچوں کو دین کا علم سکھاؤ مدارس میں داخل کراؤ......ہم سے صرف تعویذ لینے نہیں آیا کرو مسئلے پوچھنے اور دین سیکھنے آیا کرو......کسی خانقاہ میں اس دور میں درسگاہ کا قائم ہوجانا ہی کیا کم ہے کہ اس پر مزید و مستزاد ایک مجلّہ کی اشاعت کا اہتمام وہ بھی ماہنامہ، کہ مریدین یہاں آئیں تو بھی دین سیکھیں اور گھر پر ہوں تب بھی آرام سے نہ بیٹھیں ہر ماہ مجلّہ میں شائع ہونے والے مضامین کا مطالعہ کریں اور جب خانقاہ آئیں تو جواب دیں کیا پڑھا کیا یاد رکھا......میرے برابر میں بیٹھے ہوئے حافظ صاحب کہ رہے ہیں پیر صاحب سے کہیں حضرت جی......ہتھ ہولا رکھو......مرید بھاگ نا نہ

شروع ہو جائیں...... میں کہ رہا ہوں ان کے مرید کم تو ہو سکتے ہیں کم زور نہیں کہ علم کا زور برداشت نہ کر سکیں اور بھاگ کھڑے ہوں ......... مجلّہ بہت خوبصورت چھپتا ہے...... مضامین بھی خوب ہوتے ہیں کبھی کبھار ہماری مفتی صاحب سے ہیلو ہائے ہو جاتی ہے...... ہر بار فون کرتے ہوئے ہمیں پریشانی ہوتی تھی کہ پتہ نہیں حضرت صاحب کو ہیلو کہنا جائز ہے یا نہیں ......اس شمارہ میں مرتضائیہ اسلامک ریسرچ بورڈ نے یہ مسئلہ بھی حل کردیا اور ہیلو کہنے کے جواز پر خوبصورت تحقیق فرمائی ہے......اور حضرت صاحب سمیت ہر کسی کو ہیلو کہنا جائز ہونا ثابت کیا ہے مع الکراہت بسبب خلافِ سنت ہونے کے،......ایک اور بات جو بورڈ نے لکھی ہے وہ یہ کہ ہیلو کہنا کافروں کی ایجاد ہے ......معزز اراکین بورڈ کیا فرماتے ہیں بیچ اس مسئلہ کے کہ فون بھی تو کافروں کی ایجاد ہے جس پر ہیلو کہنا پڑتا ہے، اور ہوائی جہاز بھی.......... بہر کیف ہم بورڈ کی تحقیق سے جو تیسیر کا پہلو نکل رہا ہے اس کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتے ......اور ایسے جدید مسائل پر لکھنا اور تحقیق کرتے رہنا ضروری ہے ......اللہ ہمت دے۔

اب ہماری گزارش ہے کہ...... ہائے...... پر بھی لکھیں...... آج کل ماڈرن دنیا میں ہیلو کے ساتھ ساتھ ہائے کہنے کا رواج بھی عام ہے ......مجلّہ ملنے کا پتہ حسب ذیل ہے......دفتر انجمن علمائے مرتضائیہ، جامعہ مرتضائیہ قلعہ شریف ناظر لبانہ، تحصیل شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ۔

ایک اور مجلّہ ماہنامہ مصطفائی نیوز کراچی، موصول ہوا ہے جو سابقین انجمن کا کثیر الاشاعت سماجی وفلاحی جریدہ ہے، اس بار کا رسالہ خصوصی اشاعت ہے جناب مولانا عطاء المصطفی نوری صاحب کی یادوں کو رقم کرنے کے لئے اور ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے۔

عطاء المصطفی نوری صاحب کو دینی کاموں سے کس قدر لگن تھی اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وصال سے صرف دو ایک روز قبل ہی مجھے فون کیا اور کہا کہ میں آئی سی یو سے بول رہا ہوں طبیعت زیادہ اچھی نہیں، کچھ پروگرام ٹی وی پر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے ہونے ہیں ان کے عنوانات تجویز کردیجئے۔ میں نے حامی بھرلی اور اسی رات ای میل کردئے۔ دو روز بعد معلوم ہوا کہ ہمارے ممدوح محترم سوئے جناں چل دئے۔ مصطفائی نیوز ایک عوامی پرچہ ہے اور اس کے آٹھ مدیر اور نو مشیر آن ریکارڈ ہیں، کچھ آف دی ریکارڈ بھی ہوں گے، جو

سب کے سب ماشاء اللہ پڑھے لکھے ہی نہیں اساتذہ اور دانشور بھی ہیں، اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ پرچہ کس قدر وقیع اور جاندار ہوگا۔طلبہ کے لئے یہ ایک اچھی کاوش اور سابقین انجمن سے رابطے کا ایک موثر ذریعہ ہے۔اس کی قیمت فی شمارہ تیس روپے اور سالانہ ۵۰۰ روپے ہے۔ ملنے کا پتہ : ۳۔مصطفائی ہاؤس......محمد بن قاسم روڈ نزد ایس ایم لاء کالج چورنگی کراچی۔

تحفظ ناموس رسالت نمبر

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ یثرب کی حرمت پر
خدا شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا

جہادِ کشمیر کا آئندہ شمارہ (ماہ جون)

خاص موضوع پر خاص مضامین سے آراستہ خاص شمارہ

اس شمارے میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے...

تحفظِ ناموس رسالت کی شرعی اور قانونی حیثیت پر اہم مضامین
حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے عناد کی عالم گیر سازش کا تار و پود بکھیرتی تحریریں
ناموس رسالت کی خاطر جان دینے والوں کے روشن تذکرے
اس بات کا عہد کہ حرمت رسولؐ میں موت بھی قبول ہے
ایک ایسی دستاویز جسے آپ اپنی لائبریری میں رکھنا چاہیں گے

اس کثیر الاشاعت شمارے کے لیے اپنے آرڈرز اور تحریریں 15 مئی سے پہلے ذیل کے پتے پر بھجوائیں یا ای میل فرمادیں

عبدالہادی احمد، مکان نمبر 599، پارک روڈ، غوری ٹاؤن فیز 3، اسلام آباد
اکاؤنٹ نمبر ABL IBAN: PK35ABPA0010027986910010
e-mail: editorjk@gmail.com
فون 051-2303259 - 0345-5221027

تعاون: روشنی کا پیامبر
بلال اسلامک سینٹر
جھوک نواز، ضلع وہاڑی
bilal.islamic@gmail.com

خدا کے لئے جنگ

یہودیت عیسائیت اور اسلام میں بنیاد پرستی کا تاریخی جائزہ

از کیرن آرمسٹرانگ

دینی حلقوں، مدارس کے طلبہ، مذہبی جماعتوں اور تنظیموں میں کام کرنے والے اس کتاب کو ضرور پڑھیں تاکہ بنیاد پرستی اور مغربی فکر و فلسفہ کو سمجھ کر اس کا موثر رد کرسکیں......

ملنے کا پتہ: نگارشات ۲۴ مزنگ روڈ ......لاہور

☆الکتاب احسن الاصحاب خاصر الکتب وصاحب العلم موافق المعرفۃ ☆